نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ (پارب) کے 51 ویں بورڈ میٹنگ کے اجلاس کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں انعقاد

کسانوں کو درپیش مسائل کا حل معیاری زرعی تحقیق سے ہی ممکن ہے۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور،**06اگست 2025**: زراعت کا مستقبل کپاس، گندم اور ہائی ویلیوا یگریکلچر خصوصاً تیلدار اجناس اور سبزیات و پھلوں کی زیادہ پیداوار سے منسلک ہے۔زرعی سائنسدان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایسی قوتِ مدافعت والی نئی اقسام کی دریافت پر توجہ دیں جن سے پیداوار میں اضافہ ہوسکے اور ملکی درآمدی بل میں کمی لائی جاسکے۔ان خیالات کا اظہار وزیرزراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے 51 ویں پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود نے صوبائی وزیرزراعت ادارہ کی نمایاں کامیابیوں، سرگرمیوں اور میٹنگ کے ایجنڈہ بارے بریف کیا۔اجلاس کے دوران صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک نے پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے نئے ایگزیکٹو ممبران کی تعیناتی کی منظوری دی گئی جس میں ایگزیکٹو ممبر ایڈمن اینڈ فنانس، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیشن اور کوآرڈینیشن شامل ہیں۔اس کے علاوہ پنجاب ایگریکلچر ریسرچ بورڈ کے ممبران و عملے کی تنخواہوں پر نظرِ ثانی کی اور نئے مجوزہ پیکج کی منظوری دی۔

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ زرعی تحقیق کو عملی میدان میں لانے کیلئے پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کا کردار کلیدی ہے۔حکومت پنجاب سائنسی بنیادوں پر زراعت کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ نئے ممبران کی بورڈ میں شمولیت سے اس کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔صوبائی وزیرزراعت نے زرعی تحقیق کو کسانوں کے براہ راست فائدے کیلئے نتیجہ خیز بنانے پر زور دیا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پارب کا مقصد زرعی ریسرچ کو فروغ دینا ہے۔پارب کو نئے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے اس کے بنادی ڈھانچے کی تجدید نو کی گئی ہے۔پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کی اہم آسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل کیا گیا ہے تاکہ اس اہم ادارے کی زرعی تحقیق بارے صلاحیتوں میں اضافہ کیا جاسکے۔

اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی رانا سلیم، ذکیہ خان، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب احمد عزیز تارڑ، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، جبکہ محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، جنگلات وجنگلی حیات ودیگر محکموں کے نمائندگان، کسان تنظیموں کے سربراہان بشمول خالد کھوکھر اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی

☆☆☆☆